| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | ’ ے ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مصوتے / مصمتے پہچان سکیں ’ ے ‘ بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>’ ے ‘ بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ا، و، ی کو حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’ ے ‘ بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ ے ‘ کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ ’ ے ‘ کی آواز (a) کی ہے۔ مصوتہ ’ ے ‘ کے فلیش کارڈ باری باری دکھا کر ان کی پڑھائی کروایئے۔<br>بے پے تے ٹے ثے<br>جے چے حے خے<br>دے ڈے ذے رے ڑے زے ژے<br>سے شے صے ضے طے ظے<br>عے غے فے قے کے گے<br>لے مے نے وے ہے یے<br>بچوں کو بتایئے کہ ا، و، ی کی طرح جب ’ ے ‘ بھی کسی حرف سے ملتی ہے تو تھوڑی سی آواز لمبی دیتی ہے۔ بے ے ے ے | 15 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | ’ے‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **مرکزی سرگرمی**<br>بچوں کو مصوتہ ’ے‘ کے فلیش کارڈ دے کر کہا جائے گا کہ وہ اپنا کارڈ چھپالیں۔اب آپ تختہ سیاہ/سفید پر ج + ے لکھیں گی اور پوچھیں گی کہ ج + ے کو ملا کر جو دوحرفی لفظ بنتا ہے وہ کس کے پاس ہے۔کارڈ اٹھائیں۔بچہ ’ے‘ کی آخری آواز بتائے گا اور ’ے‘ پڑھ کر سنائے گا۔اس طرح تمام حروف کی مشق کی جائے گی۔بچوں کو کتاب صفحہ 115 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ے‘ کے تمام دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔<br>**نوٹ**<br>چونکہ ’ے‘ لائن کے اوپر لیٹتا ہے اس لیے حروف کو لائن سے تھوڑا اوپر لکھ کر ’ے‘ سے ملایا جاتا ہے۔مثال کے طور پر ’س‘ کو ہوا میں بنایئے۔’س‘ لائن سے تھوڑا اوپر بنایئے پھر ’س‘ کی آدھی شکل جہاں ختم ہو رہی ہے وہاں سے ’ے‘ بنا کر لائن پر لٹایئے۔<br>**اختتامیہ**<br>حروف کو ’ے‘ سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کریں۔ | 20 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br>5 منٹ | مصوتے ’ے‘<br>فلیش کارڈ<br><br><br><br>کتاب صفحہ<br>115 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' ے ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ی' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ی' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ے' کا فلیش کارڈ دکھا کر باری باری ہر بچے سے اس کی آواز بطور مصوتہ پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ے' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر 'ے' کے دو حرفی الفاظ لکھ کر باری باری بچوں سے پڑھنے کو کہا جائے گا۔ Salt tray دے کر حروف کو 'ے' سے ملا کر لکھنے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ معلمہ بورڈ پر لکھے گی اور بچے Salt tray پر۔ | 5 منٹ | Salt tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>چارٹ پیپر پر 'ے' کے دو حرفی الفاظ بڑے بڑے کر کے لکھے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بلایا جائے گا اور Sticky notes دیے جائیں گے جن پر دو حرفی الفاظ کو الگ الگ لکھا ہوا گا۔ مثال کے طور پر س+ ے بچہ/ بچی چارٹ پیپر میں سے اس کا جوڑ تلاش کر کے Sticky note اس پر چسپاں کرے گا اور پڑھ کر سنائے گا/ گی۔ کتاب صفحہ 116 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے حروف کو ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 25 منٹ | چارٹ پیپر<br>Sticky notes<br>کتاب صفحہ 116 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'ے' کے تمام دو حرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 117 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ’ے‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’ے‘ کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ ’ے‘ کو بطور آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ا،و،ی،ے مصوتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا مصوتہ سیکھ رہے ہیں؟ ’ے‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر بطور مصوتہ اس کی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جب ’ے‘ لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز مختلف ہوتی ہے جیسا کہ یکہ اور جب لفظ کے آخر میں آتا ہے تو اس کی آواز (a) کی ہوتی ہے۔ جیسا کہ سوئے، اوئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں ’ے‘ کے دو حرفی الفاظ چھپائے جائیں گے۔ ایک وقت میں دو بچے کمرہ جماعت سے ’ے‘ کے لفظ تلاش کریں گے اور بچوں کو دو منٹ کا وقت دیا جائے گا۔ بچے جو حرف تلاش کر کے لائیں گے اس کو پڑھ کر بھی سنائیں گے۔ باری باری سب بچوں سے سرگرمی کروائی جائے گی۔ کتاب صفحہ 118 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ب تا ح‘ حروف کو ’ے‘ سے ملا کر لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>’ب تا ح‘ حروف کو ے سے ملا کر ہوا میں لکھیے۔ | 5منٹ<br>5منٹ<br>25منٹ<br>5منٹ | کتاب صفحہ 118 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’ے‘ بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ 'ے' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مصوتے / مصمتے پہچان سکیں 'ے' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>'ے' بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ے' سے دوحرفی لفظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>شرارتی نو پوچھے جائیں گے شرارتی نو کے ساتھ 'ے' لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ شرارتی نو کی کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ اپنے سے بعد میں آنے والے حرف سے ملتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو کچھ حروف دیے جائیں گے جنہیں وہ پلے ڈو سے 'ے' سے ملا کر بنائیں گے۔ اور باری باری ہر گروپ ممبر پلے ڈو سے بنائے گئے دوحرفی الفاظ کو پڑھ کر سنائے گا/گی۔ کتاب صفحہ 120 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'س تاغ' حروف کو 'ے' سے ملا کر لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ب تاغ حروف کو 'ے' سے ملانے کی مشق بورڈ پر کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 119 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>25 منٹ<br><br>5 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>119 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ے' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پنتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' ے ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مصوتے / مصمتے پہچان سکیں ' ے ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' ے ' بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ا، و، ی، ے سے دوحرفی الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ف تاہ' حروف کو ے سے ملا کر لکھنا سیکھیں گے۔ فے، قے، کے، گے، لے، مے، نے، وے، ہے ۔تختہ سیاہ/ سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے ہوا میں میز پر 'وتاہ' حروف کی آدھی اشکال لکھوائی جائیں گی۔ ا، وے، ی کے دوحرفی الفاظ لکھ کر ٹوکری میں رکھ دیں اور چار ڈبے جن پر مصوتہ ا، و، ی، ے لکھا ہو۔ بچہ/ بچی ٹوکری سے چاروں مصوتوں کا ایک ایک دوحرفی لفظ نکال کر انہیں پڑھیں گا اور متعلقہ ڈبے میں ڈالے گا۔ کتاب صفحہ 121 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ف تاہ حروف کو ے سے ملا کر لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>مختلف دوحرفی تلفظ تختہ سفید بورڈ کر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حروف کو ' ے ' سے ملا کر لکھیں۔ | 5 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | چارڈبے<br>ٹوکری<br>کتاب صفحہ 121 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ' ے ' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |